An Address by the Promised Messiah[as] Delivered on 18 January 1898

Divine Decree

There are two kinds of decree: one may be referred to as suspended *(mu'allaq)* and the other is known as absolute *(mubram)*. The operation of a suspended decree may be averted by the grace of Allah Almighty through prayer and almsgiving. An absolute decree, however, cannot be averted through prayer and almsgiving. However, nonetheless, these good deeds are not left useless, for this is contrary to the greatness of Allah Almighty. He returns the benefit of these prayers and alms by some other means. In some cases, God Almighty causes a delay in the operation of a decree or postpones it for some time.

The source from which we learn about suspended and absolute decrees is the Holy Quran. Although these exact words do not appear, however, the Holy Quran states:

ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ [1]

The translation of this verse is, 'Supplicate and I shall accept.' Now this demonstrates that prayer can be accepted and through prayer, punishment can be averted. What to talk of thousands, nay, every affair of man can be settled through prayer. It ought to be borne in mind that Allah the Exalted possesses omnipotent control over everything. He does as He wills. Whether people are aware of His hidden powers or not, the vast experiences of a great many and the manifest outcome of the prayers of countless fervent supplicants clearly demonstrate that God commands a hidden and unseen power. He effaces whatever He wills, and establishes whatever He wills. It is not necessary for us to reach the depths of this phenomenon; nor need we endeavour to understand fully the essence and nature of this system. When it is in the knowledge of Allah Almighty that something will occur, there is no need for us to involve ourselves in a dispute or debate over how. God Almighty has subjected a man's destiny and fate to various conditions, and it may be averted through repentance, humility and meekness. When a person is touched by some sort of pain or affliction, they naturally and instinctively incline towards good deeds. They feel an apprehension and anguish within themselves, which awakens them and pulls them towards virtuous deeds, distancing them

1 *al-Mu'min,* 40:61

from sin. Just as we learn of the efficacy of various medicines through experience, in the same manner an individual suffering from affliction receives glad tidings and satisfaction through true dreams and revelation when they fall down at the threshold of God Almighty with extreme humility and lowliness, beseeching and supplicating God, saying: O my Lord! O my Lord!

Hazrat Ali, may Allah honour him, says: When a prayer reaches its pinnacle through patience and sincerity, it is accepted. The fact that prayer, almsgiving and charity avert divine punishment is so conclusively established a fact that 124,000 Prophets are in consensus on the matter, and tens of millions of pious, righteous individuals and saints testify to this through their own personal experience.

Worship Has Been Invested with Pleasure and Delight

What is the formal Prayer? It is a special form of supplication to the Divine, but people consider it to be a tax that is due to kings. These foolish people do not even know that God Almighty has no need for such things. What need does His Independent Being have for man to pray to Him, extol His glory and praise Him, besought of all as He is? In fact, it is man who derives benefit and reaches his objective through these means. It gives me great pain to observe that in this day and age there is no love for worship, virtue and piety. The reason for this is the poisonous, widespread effect of evil custom. It is for this reason that the love of Allah Almighty is falling cold and people do not experience the pleasure they ought to in worship. There is nothing (in the world) which according to the design of Allah Almighty does not give pleasure or satisfaction in some form. A person who is ill cannot derive pleasure from even the most exquisite and delicious food, and considers it to be bitter or completely tasteless. So too is the case with those people who derive no pleasure and delight from the worship of God. Such people should worry about their ill state. For as I have just said, there is nothing on earth, which Allah the Exalted has not instilled with the characteristic of granting pleasure in some form or other. Allah the Exalted has created man so that he may worship Him. Why then would there be no pleasure and delight in this worship? There is definitely pleasure and delight in worship. If only there were those who would take it. Allah the Exalted states:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ[1]

And I have not created the Jinn and the men but that they may worship Me.

Now when the very purpose of man's creation is worship, it is necessary for there to be immense pleasure and satisfaction in worship. We can appreciate this very well from our daily observation and experience. For example, grain along with all the things that we eat and drink have been created for humans. Do they not then derive a pleasure and satisfaction from these things? Does man not possess a tongue so that he can experience the taste, flavour and sensation that is associated with these things? Does man not derive pleasure from looking at beautiful things, whether plants or minerals, animals or other human beings? Do the ears not derive pleasure from attractive and beautiful voices? Then is any further argument required to establish the fact that there is pleasure to be derived in worship? Allah the Exalted states: We have created man and woman as mates and we have inclined man towards his mate. God has not made it so by way of coercion, but rather, He has encouraged by way of pleasure. If procreation and reproduction was the only intended purpose, this would not fulfil the actual objective. In a state of nakedness, shame would prevent a man and woman from having intimate relations with one another. However, God has made this process a source of pleasure and satisfaction for both man and woman. This pleasure and satisfaction is so great that there are some ignorant people who do not even care for children, and the only thing that they are interested in is pleasure. The actual purpose of God Almighty was the continuation of human beings, and for this objective he fostered a relationship between man and woman, and as a secondary element invested this relation with pleasure, which for many unwise people has become the only intended purpose. In the same manner, bear well in mind that worship is no burden or tax. This too possesses a pleasure and satisfaction; and this pleasure and satisfaction is far greater than all the delights of this world and all carnal pleasures. Although there is pleasure in the mutual relation between man and woman, only such men can derive satisfaction from this who are in the full possession of their faculties. An impotent man or a eunuch cannot find pleasure in such relations. Moreover, just as an ill person remains deprived of the pleasure of even the finest and most exquisite foods, so too is precisely the case with the unfortunate person who does not find pleasure in worshipping Allah.

[1] *adh-Dhariyat,* 51:57

تقریر حضرت اقدس علیہ السلام

۱۸؍جنوری ۱۸۹۸ء

تقدیر تقدیر دو قسم کی ہوتی ہے۔ایک کا نام مُعلّق ہے اور دوسری کو مُبرَم کہتے ہیں۔اگر کوئی تقدیر معلق ہوتو دعا اور صدقات اُس کو ٹلا دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس تقدیر کو بدل دیتا ہے۔اور مبرم ہونے کی صورت میں وہ صدقات اور دعا اس تقدیر کے متعلق کچھ فائدہ نہیں پہنچا سکتے۔ہاں وہ عبث اور فضول بھی نہیں رہتے کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی شان کے خلاف

۱؎ الحکم جلد ۵ نمبر ۲۳ مورخہ ۲۴؍جون ۱۹۰۱ء صفحہ ۱، ۲

ہے۔ وہ اس دعا اور صدقات کا اثر اور نتیجہ کسی دوسرے پیرائے میں اُس کو پہنچا دیتا ہے۔ بعض صورتوں میں ایسا بھی ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ کسی تقدیر میں ایک وقت تک توقّف اور تاخیر ڈال دیتا ہے۔

قضائے معلّق اور مُبرم کا ماخذ اور پتا قرآن کریم سے ملتا ہے۔ یہ الفاظ گو نہیں۔ مثلاً قرآن کریم میں فرمایا ہے اُدۡعُوۡنِیۡۤ اَسۡتَجِبۡ لَکُمۡ (المؤمن:۶۱) ترجمہ۔ ''دعا مانگو مَیں قبول کروں گا۔'' اب یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ دعا قبول ہوسکتی ہے اور دعا سے عذاب ٹل جاتا ہے اور ہزار ہا کیا کُل کام دعا سے نکلتے ہیں۔ یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کُل چیزوں پر قادرانہ تصرف ہے۔ وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ اس کے پوشیدہ تصرفات کی لوگوں کو خواہ خبر ہو یا نہ ہو مگر صدہا تجربہ کاروں کے وسیع تجربے اور ہزار ہا دردمندوں کی دعا کے صریح نتیجے بتلا رہے ہیں کہ اس کا ایک پوشیدہ اور مخفی تصرف ہے۔ وہ جو چاہتا ہے محو کرتا ہے اور جو چاہتا ہے اثبات کرتا ہے۔ ہمارے لئے یہ امر ضروری نہیں کہ ہم اس کی تہہ تک پہنچنے اور اس کی کُنہ اور کیفیت معلوم کرنے کی کوشش کریں جبکہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ ایک شے ہونے والی ہے۔ اس لئے ہم کو جھگڑے اور مباحثے میں پڑنے کی ضرورت نہیں۔ خدا تعالیٰ نے انسان کے قضا و قدر کو مشروط بھی کر رکھا ہے جو توبہ، خشوع، خضوع سے ٹل سکتے ہیں۔ جب کسی قسم کی تکلیف اور مصیبت انسان کو پہنچتی ہے تو وہ فطرتاً اور طبعاً اعمالِ حسنہ کی طرف رُجوع کرتا ہے۔ اپنے اندر ایک قلق اور کرب محسوس کرتا ہے جو اسے بیدار کرتا اور نیکیوں کی طرف کھینچے لئے جاتا ہے اور گناہ سے ہٹاتا ہے۔ جس طرح پر ہم ادویات کے اثر کو تجربے کے ذریعہ سے پالیتے ہیں اسی طرح پر ایک مضطربُ الحال انسان جب خدا تعالیٰ کے آستانہ پر نہایت تذلّل اور نیستی کے ساتھ گرتا ہے اور رَبِّیۡ رَبِّیۡ کہہ کر اس کو پکارتا اور دعائیں مانگتا ہے تو وہ رؤیائے صالحہ یا الہام صحیحہ کے ذریعہ سے ایک بشارت اور تسلّی پالیتا ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ جب صبر اور صدق سے دعا انتہا کو پہنچے گی تو وہ قبول ہوجاتی ہے۔ دعا، صدقہ اور خیرات سے عذاب کا ٹلنا ایسی ثابت شدہ صداقت ہے جس پر ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی کا اتفاق ہے اور کروڑ ہا صُلحاء اور اَتقیاء اور اولیاء اللہ کے ذاتی تجربے اس امر پر گواہ ہیں۔

عبادات میں لذّت اور سُرور رکھا گیا ہے

نماز کیا ہے؟ یہ ایک خاص دعا ہے مگر لوگ اس کو بادشاہوں کا ٹیکس سمجھتے ہیں۔ نادان اتنا نہیں جانتے کہ بھلا خدا تعالیٰ کو ان باتوں کی کیا حاجت ہے؟ اس کے غناءِ ذاتی کو اس بات کی کیا حاجت ہے کہ انسان دُعا، تسبیح اور تہلیل میں مصروف ہو بلکہ اس میں انسان کا اپنا ہی فائدہ ہے کہ وہ اس طریق پر اپنے مطلب کو پہنچ جاتا ہے۔ مجھے یہ دیکھ کر بہت افسوس ہوتا ہے کہ آج کل عبادت اور تقویٰ اور دینداری سے محبت نہیں ہے۔ اس کی وجہ ایک عام زہریلا اثر رسم کا ہے۔ اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی محبت سرد ہو رہی ہے اور عبادت میں جس قسم کا مزا آنا چاہیے وہ مزا نہیں آتا۔ دنیا میں کوئی ایسی چیز نہیں جس میں لذّت اور ایک خاص حظّ اللہ تعالیٰ نے رکھا نہ ہو۔ جس طرح پر ایک مریض ایک عمدہ سے عمدہ خوش ذائقہ چیز کا مزہ نہیں اُٹھا سکتا اور وہ اُسے تلخ یا بالکل پھیکا سمجھتا ہے اسی طرح وہ لوگ جو عبادت الٰہی میں حظّ اور لذّت نہیں پاتے اُن کو اپنی بیماری کا فکر کرنا چاہیے کیونکہ جیسا میں نے ابھی کہا ہے دنیا میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس میں خدا تعالیٰ نے کوئی نہ کوئی لذت نہ رکھی ہو۔ اللہ تعالیٰ نے بنی نوع انسان کو عبادت کے لئے پیدا کیا تو پھر کیا وجہ ہے کہ اس عبادت میں اُس کے لئے لذّت اور سُرور نہ ہو۔ لذّت اور سُرور تو ہے مگر اُس سے حظّ اٹھانے والا بھی تو ہو۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ (الذّاریات: ۵۷) اب انسان جب کہ عبادت ہی کے لئے پیدا ہوا ہے ضروری ہے کہ عبادت میں لذّت اور سُرور بھی درجۂ غایت کا رکھا ہو۔ اس بات کو ہم اپنے روزمرّہ کے مشاہدہ اور تجربے سے خوب سمجھ سکتے ہیں۔ مثلاً دیکھو اناج اور تمام خوردنی اور نوشیدنی اشیاء انسان کے لئے پیدا کئے ہیں تو کیا اُن سے وہ ایک لذّت اور حظّ نہیں پاتا ہے؟ کیا اس ذائقہ، مزے اور احساس کے لئے اُس کے منہ میں زبان موجود نہیں۔ کیا وہ خوبصورت اشیاء دیکھ کر نباتات ہوں یا جمادات۔ حیوانات ہوں یا انسان حظّ نہیں پاتا؟ کیا دل خوش کُن اور سُریلی آوازوں سے اس کے کان محظوظ نہیں ہوتے؟ پھر کیا کوئی دلیل اور بھی اس امر کے اثبات کے لئے مطلوب ہے کہ عبادت میں لذّت نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے عورت اور مرد کو جوڑا پیدا کیا اور مرد کو رغبت دی ہے۔ اب اس میں زبردستی نہیں

کی بلکہ ایک لذت بھی دکھلائی ہے۔ اگر محض توالد وتناسل ہی مقصود بالذّات ہوتا تو مطلب پورا نہ ہو سکتا۔ عورت اور مرد کی برہنگی کی حالت میں ان کی غیرت قبول نہ کرتی کہ وہ ایک دُوسرے کے ساتھ تعلق پیدا کریں مگر اس میں اُن کے لئے ایک حظّ ہے اور ایک لذّت ہے۔ یہ حظّ اور لذّت اس درجہ تک پہنچی ہے کہ بعض کوتاہ اندیش انسان اولاد کی بھی پروا اور خیال نہیں کرتے بلکہ ان کو صرف حظّ ہی سے کام اور غرض ہے۔ خدا تعالیٰ کی علّتِ غائی بندوں کا پیدا کرنا تھا اور اس سبب کے لئے ایک تعلق عورت اور مرد میں قائم کیا اور ضمناً اس میں ایک حظّ رکھ دیا جو اکثر نادانوں کے لئے مقصود بالذّات ہو گیا ہے۔ اسی طرح سے خوب سمجھ لو کہ عبادت بھی کوئی بوجھ اور ٹیکس نہیں۔ اس میں بھی ایک لذّت اور سُرور ہے اور یہ لذت اور سُرور دنیا کی تمام لذّتوں اور تمام حظوظِ نفس سے بالاتر اور بالاتر ہے۔ جیسے عورت اور مرد کے باہمی تعلقات میں ایک لذّت ہے اور اس سے وہی بہرہ مند ہو سکتا ہے جو مرد اپنے قویٰ صحیحہ رکھتا ہے۔ ایک نامرد اور مخنث وہ حظّ نہیں پا سکتا اور جیسے ایک مریض کسی عمدہ سے عمدہ خوش ذائقہ غذا کی لذت سے محروم ہے اسی طرح پر ہاں ٹھیک ایسا ہی وہ کم بخت انسان ہے جو عبادتِ الٰہی سے لذّت نہیں پا سکتا۔